# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL HERITAGE AND CULTURE DIVISION ON THE NATIONAL INSTITUTE OF FOLK AND TRADITIONAL HERITAGE (LOK VIRSA) (AMENDMENT) BILL, 2025

I, Chairperson of the Standing Committee on National Heritage and Culture Division, have the honor to present this report on the Bill further to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (Lok Virsa) Ordinance, 2002 (LIV of 2002) [The National Institute of Folk and Traditional Heritage (Lok Virsa) (Amendment) Bill, 2025] (Government Bill), referred to the Committee on 8th December, 2025.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Syeda Nosheen Iftikhar** | **Chairperson** |
| 2. | Mr. Muhammad Tufail | Member |
| 3. | Ms. Shaista Khan | Member |
| 4. | Ms. Shahnaz Saleem Malik | Member |
| 5. | Ms. Rabia Naseem Farooqi | Member |
| 6. | Ms. Samar Haroon Bilour | Member |
| 7. | Ms. Saeeda Jamshid | Member |
| 8. | Ms. Ghazala Anjum | Member |
| 9. | Ms. Saira Tarar | Member |
| 10. | Ms. Mahtab Akbar Rashdi | Member |
| 11. | Ms. Natasha Daultana | Member |
| 12. | Ms. Naima Kanwal | Member |
| 13. | Ms. Saba Talpur | Member |
| 14. | Mr. Zahoor Hussain Qureshi | Member |
| 15. | Mr. Sanjay Perwani | Member |
| 16. | Mr. Sajid Khan | Member |
| 17. | Mr. Zulfiqar Ali | Member |
| 18. | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| 19. | Mr. Khurram Shahzad Virk | Member |
| 20. | Ms. Naeema Kishwer Khan | Member |
| 21. | Mr. Aurangzeb Khan Khichi<br>Minister for National Heritage and Culture Division | Ex-Officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **"Annex-A"**, in its meeting held on 28-01-2026 and recommended that the Bill, as introduced may be passed by the National Assembly.

Sd/-
**(SYEDA NOSHEEN IFTIKHAR)**
Chairperson
Standing Committee on National Heritage and Culture Division

Sd/-
**(SAEED AHMAD MAITLA)**
Acting Secretary
Islamabad, 17 February, 2026

**Annex –A**

# [ AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

*to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (Lok Virsa) Ordinance, 2002*

**WHEREAS**, it is expedient to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002, in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:–

1. **Short title and commencement.**– (1) This Act shall be called the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 3, Ordinance LIV of 2002.**– In the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002 (LIV of 2002), hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 3, in sub-section (3), for the expression "Federal Government", the expression "Prime Minister", shall be substituted.

3. **Amendment of section 6, Ordinance LIV of 2002.**– In the said Ordinance, in section 6, in sub-section (2), for the expression "Federal Government", wherever occurring, the expression "Prime Minister", shall be substituted.

4. **Amendment of section 7, Ordinance LIV of 2002.**– In the said Ordinance, in section 7,–

(a) in sub-section (2), for the expression "Federal Government", the expression "Prime Minister", shall be substituted; and

(b) in sub-section (3), for the expression "Federal Government", the expression "Prime Minister", shall be substituted.

5. **Amendment of section 10, Ordinance LIV of 2002.**– In the said Ordinance, in section 10, in sub-section (1), for the expression "Federal Government", the expression "Prime Minister", shall be substituted.

6. **Amendment of section 13, Ordinance LIV of 2002.**– In the said Ordinance, in section 13, for the expression "rules", the expression "regulations", shall be substituted.

7. **Amendment of section 15, Ordinance LIV of 2002.**– In the said Ordinance, in section 15, in clause (c), for the expression "Federal Government", the expression "Board of Governors", shall be substituted.

8. **Amendment of section 16, Ordinance LIV of 2002.**– In the said Ordinance, in section 16, for the expression "Federal Government", the expression "Minister-in-charge of the Division Concerned to which the subject of this Ordinance stands allocated", shall be substituted.

9. **Amendment of section 18, Ordinance LIV of 2002.–** In the said Ordinance, in section 18, for the expression "Federal Government", the expression "Board of Governors", shall be substituted.

10. **Insertion of new section 21, Ordinance LIV of 2002.–** In the said Ordinance, after section 20, the following new section 21, shall be inserted, namely:–

"21. **Power to make rules and regulations.–** The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act in respect of external matters of the Institute.

(2) The Institute may, with approval of the Board and by notification in the official Gazette, make regulations for its internal matters not inconsistent with the provisions of this Ordinance and the rules made thereunder.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The National Institute of Folk and Traditional Heritage, popularly known as "Lok Virsa" was established through a resolution in 1974. The resolution was amended in 1981 and 1983. The Institute obtained an autonomous statutory legal status through an Ordinance promulgated by Federal Government in 2002. The Institute is working under the administrative control of the National Heritage and Culture Division.

2. In pursuance of the instructions of the Cabinet Division dated 13th May, 2025 regarding the substitution of the term "Federal Government" with the appropriate authority in relevant laws and rules, Lok Virsa Ordinance proposed necessary amendments to specific provisions of the Lok Virsa Ordinance, 2002. Accordingly, the draft amendments were submitted to the Ministry Law and Justice for vetting. Ministry of Law & Justice vetted the draft amendments. Subsequently, Cabinet Committee for Disposal of Legislative Cases (CCLC) has recommended to amendments vide Case No. CCLC-132/22/2025 dated 08.10.2025 which has been ratified by Cabinet under case No.192/22/2025/'dated 16.10.2025.

3. The Bill seeks to achieve the aforesaid object and is therefore submitted for enactment by the Parliament.

Aurangzeb Khan Khichi
Minister for
National Heritage and Culture Division

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن کی رپورٹ

میں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن، ۸ دسمبر، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۵۴ بابت ۲۰۰۲ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | سیدہ نوشین افتخار | چیئرپرسن |
| ۲۔ | جناب محمد طفیل | رکن |
| ۳۔ | محترمہ شائستہ خان | رکن |
| ۴۔ | محترمہ شہناز سلیم ملک | رکن |
| ۵۔ | محترمہ رابعہ نسیم فاروقی | رکن |
| ۶۔ | محترمہ ثمر ہارون بلور | رکن |
| ۷۔ | محترمہ سعیدہ جمشید | رکن |
| ۸۔ | محترمہ غزالہ انجم | رکن |
| ۹۔ | محترمہ سائرہ تارڑ | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ مہتاب اکبر راشدی | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ ثناشاد ولتانہ | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ نائمہ کنول | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ صبا تالپور | رکن |
| ۱۴۔ | جناب ظہور حسین قریشی | رکن |
| ۱۵۔ | جناب سنجے پروانی | رکن |
| ۱۶۔ | جناب ساجد خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب ذوالفقار علی | رکن |
| ۱۸۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۹۔ | جناب خرم شہزاد ورک | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ نعیمہ کشور خان | رکن |
| ۲۱۔ | جناب اورنگزیب خان کھچی<br>وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۸ جنوری، ۲۰۲۶ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں، "منسلکہ۔الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل منظور کرے۔

دستخط/۔
**(سعید احمد میتلا)**
قائم مقام سیکرٹری
اسلام آباد، ۱۷ فروری، ۲۰۲۶ء

دستخط/۔
**(سیدہ نوشین افتخار)**
چیئرپرسن
قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن

**منسلکہ۔الف**

[قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں]

## قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازاں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کی جائے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم۔** قومی ادارہ برائے عوامی وثقافتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں، بعدازیں جس کا حوالہ "مذکورہ آرڈیننس" کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "وزیراعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۶ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" جہاں کہیں واقع ہوں کو، الفاظ "وزیراعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۷ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "وزیراعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "وزیراعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۰ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۰ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "وزیراعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۳ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۳ میں، لفظ "قواعد" کو لفظ "ضوابط" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۷۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۵ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۵ میں، شق (ج) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "گورنروں کے بورڈ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۶ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۶ میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "متعلقہ ڈویژن کا وزیر انچارج جس کو آرڈیننس ہذا کا موضوع مختص کیا گیا ہے" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۹۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۸ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۸ میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو، الفاظ "گورنروں کے بورڈ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۰۔ **آرڈیننس ۵۴ مجریہ ۲۰۰۲ء، نئی دفعہ ۲۱ کی شمولیت۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۰ کے بعد حسب ذیل نئی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۲۱۔ **قواعد وضوابط وضع کرنے کا اختیار۔** وفاقی حکومت ادارہ کے بیرونی معاملات کے ضمن میں ایکٹ ہذا کے مقاصد کی بجاآوری کے لئے سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

(۲) ادارہ اپنے بیرونی معاملات کے لئے سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے ضوابط وضع کر سکتا ہے جو آرڈیننس ہذا اور اسکے تحت وضع کردہ قواعد کی تصریحات سے متضاد نہ ہوں۔"۔

## بیان اغراض و وجوہ

قومی ادارہ برائے عوامی و ثقافتی ورثہ، جو "لوک ورثہ" کے نام سے مشہور ہے کو ۱۹۷۴ء میں ایک قرارداد کے ذریعے قائم کیا گیا۔ قرارداد میں ۱۹۸۱ء اور ۱۹۸۳ء میں ترمیم کی گئی۔ اس ادارے کو وفاقی حکومت کی جانب سے ۲۰۰۲ء میں جاری کردہ آرڈیننس کے ذریعے خود مختار قانونی حیثیت حاصل ہوئی۔ یہ ادارہ قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن کے انتظامی کنٹرول کے تحت کام کر رہا ہے۔

۲۔ کابینہ ڈویژن کی مورخہ ۱۳ مئی، ۲۰۲۵ء کی ہدایات کی پیروی میں جو، متعلقہ قوانین اور قواعد میں اصطلاح "وفاقی حکومت" کو موزوں اتھارٹی سے تبدیل کرنے سے متعلق ہے، لوک ورثہ آرڈیننس میں لوک ورثہ آرڈیننس، ۲۰۰۲ء کے مخصوص احکامات میں ضروری ترامیم کی تجویز دی ہے۔ مسودہ ترامیم حسبِ وزارتِ قانون و انصاف کو جانچ پڑتال کرنے کے لیے بھیجا گیا۔ وزارتِ قانون و انصاف نے مسودہ ترامیم کی جانچ پڑتال کی۔ بعد ازاں، کابینہ کمیٹی برائے قانونی معاملات کا تصفیہ (سی سی ایل سی) نے کیس نمبر سی سی ایل سی۔ ۱۳۲/۲۲/۲۰۲۵ کے تحت مورخہ ۸/اکتوبر ۲۰۲۵ء کے ذریعے ترامیم کی سفارش کی جس کی توثیق کابینہ نے کیس نمبر ۱۹۲/۲۲/۲۰۲۵ مورخہ ۱۰ ستمبر ۲۰۲۵ء کے تحت کی۔

۳۔ بل کا مقصد مذکورہ بالا غرض کا حصول ہے اور اس لیے پارلیمنٹ سے قانون وضع کرنے کے لیے پیش کیا گیا ہے۔

**(اورنگزیب خان کھچی)**

**وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت**